Official Spokesperson’s response to media queries regarding listing of Lashkar-e-Tayyiba terrorist Abdul Rehman Makki by UNSC’s ISIL and Al-Qaida Sanctions Committee

January 17, 2023

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ذریعہ داعش اور القاعدہ پابندی کمیٹی کی طرف سے لشکر طیبہ کے دہشت گرد عبدالرحمان مکی کو فہرست میں شامل کرنے سے متعلق میڈیا کے سوالات پر سرکاری ترجمان کا جواب

جنوری 17، 2023

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ذریعہ داعش اور القاعدہ پابندی کمیٹی کی طرف سے لشکر طیبہ کے دہشت گرد عبدالرحمان مکی کی فہرست میں شامل کیے سے متعلق سرکاری ترجمان شری ارندم باگچی نے کہا کہ:

"ہم اقوام متحدہ کے سلامتی کونسل کے آئی ایس آئی ایل اور القاعدہ پابندی کمیٹی کے ذریعہ لشکر طیبہ (ایل ای ٹی) دہشت گرد عبد الرحمان مکی، جو لشکر طیبہ لیڈر حافظ سعید کے بہنوئی ہیں، پر پابندی کے فیصلہ کا ہم خیر مقدم کرتے ہیں۔ مکی لشکر طیبہ کے کئی عہدہ سنبھالے ہوئے ہے، جس میں تنظیم کے لیے فنڈ سازی کا عہدہ بھی ہے۔

خطے میں دہشت گرد تنظیموں سے خطرات بدستور برقرار ہیں اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ذریعہ فہرست میں شامل کرنے اور پابندیاں اس طرح کے خطرات کو روکنے اور خطے میں دہشت گردی کے بنیادی ڈھانچے کو ختم کرنے کا ایک مؤثر ذریعہ ہیں۔

ہندوستان دہشت گردی کے خلاف زیرو ٹالرنس کے نقطہ نظر کو اپنانے کے لیے پرعزم ہے اور دہشت گردی کے خلاف قابل اعتماد، قابل تصدیق اور ناقابل واپسی کارروائی کے لیے بین الاقوامی برادری پر اسی طرح دباؤ بناتا رہے گا۔"

نئی دہلی

جنوری 17، 2023

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.